(6 pages)

DECEMBER 2024 **U/ID 33279/ULF4A**

Time : Three hours Maximum : 75 marks

PART A — (10 × 2 = 20 marks)

نوٹ: کوئی دس سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔ ایک یا دو جملوں میں جواب دیجئے۔

1. ع "تیرے دیوانے کو حاجت ہی نہیں زنجیر کی" اس شعر کا مصرع ثانی کیا ہے؟

2. ع "کیجے کوئی بھولی ہوئی خاص اپنی ادا یاد" اس کا مصرع اور کیا ہے؟

3. نظم کی کوئی ایک خصوصیت بیان کیجئے۔

4. کسی دو غزل گو شعراء کا نام بتائیے؟

5. غزل کے پہلے شعر کو کیا کہا جاتا ہے؟

6. ”رباعی“ کا موضوع کیا ہے؟

7. ایک شعر میں کل کتنے مصرعے ہوتے ہیں؟

8. ”غزل“ کا موضوع کیا ہے؟

9. ”مقطع“ کسے کہتے ہیں؟

10. میر تقی میر کس قسم کی شاعری کے لئے مشہور ہیں؟

11. ساحر لدھیانوی کو تاج محل سے شکایت کیوں ہے؟

12. ”خوشامد“ کس کی لکھی ہوئی نظم ہے؟

PART B — (5 × 5 = 25 marks)

نوٹ : ذیل کے کسی پانچ اشعار کی صنف وشاعر کے حوالے سے تشریح کیجئے۔

13. تہمتیں چند اپنے ذمے دھر چلے

کس لئے آئے تھے ہم کیا کر چلے

14. لائی حیات آئے قضا لے چلی چلے

اپنی خوشی نہ آئے نہ اپنی خوشی چلے

15. قید حیات و بند غم، اصل میں دونوں ایک ہیں

موت سے پہلے آدمی، غم سے نجات پائے کیوں

16. عدم میں رہتے تو شاد رہتے، اسے بھی فکر ستم نہ ہوتا
جو ہم نہ ہوتے تو دل نہ ہوتا، جو دل نہ ہوتا تو غم نہ ہوتا

17. میں شکوہ بلب تھا، مجھے یہ بھی نہ رہا یاد
شاید کہ مرے بھولنے والے نے کیا یاد

18. کب ترے نام کی خوش بو بخدا ٹھہری ہے
پھول کھلتے ہوئے ٹھہرے نہ صبا ٹھہری ہے

19. کعبہ کیا پہنچے کہ اپنی اور حیرت بڑھ گئی
کیا خبر تھی اپنا سجدہ چار سو ہو جائے گا

PART C — (3 × 10 = 30 marks)

نوٹ : کوئی تین سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔

ہر جواب پانچ سو الفاظ سے کم نہ ہو۔

20. نظم ''شکوہ'' اور ''جواب شکوہ'' میں اقبال نے خدا کے ساتھ انسان کا کیا مکالمہ پیش کیا ہے؟ وضاحت کیجئے۔

21. نظم ''بدلی کا چاند'' میں جوش ملیح آبادی نے کس طرح کی منظر کشی پیش کی ہے۔ وضاحت کیجئے۔

22. فیض احمد فیض کی نظم ''صبح آزادی'' کا خلاصہ اور تشریح بیان کیجئے۔

23. نظم ”تاج محل“ میں ساحر لدھیانوی نے کن اشتراکی خیالات کا اظہار کیا گیا ہے؟ واضح کیجئے۔

24. ذیل کے عناوین میں سے کسی ایک پر سیر حاصل مضمون لکھئے۔

(الف) ہندوستان میں بے روزگاری کا مسئلہ۔

(ب) سوشیل میڈیا کے فائدے اور نقصانات۔

(ج) کھیل کود اور ورزش کی اہمیت اور ضرورت۔
